پنجاب کے عوام کو صحت اور جان و مال کا کوئی تحفظ حاصل نہیں، رابطہ کمیٹی

رہائشی علاقے میں دواساز فیکٹری پنجاب حکومت کی لاپرواہی ہے اور اسی مجرمانہ غفلت سے یہ افسوسناک سانحہ رونما ہوا

سانحہ کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کرائی جائے، جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کو معاوضہ دیا جائے

کراچی۔۔۔7فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے حسن ٹاؤن میں واقع ادویات کی فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے باعث متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کہا کہ رہائشی علاقے میں دواساز فیکٹری کا ہونا پنجاب حکومت اور لاہور انتظامیہ کی لاپرواہی ہے اور اس مجرمانہ غفلت سے ہی متعدد نوجوان، بچے اور خواتین جاں بحق اور زخمی ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ علاقے کے عوام کی متعدد بار شکایات اور نشاندہی کے باوجود پنجاب حکومت کی جانب سے فیکٹری کو دوسری جگہ منتقل کرنے کے سنجیدہ اقدامات نہیں کئے گئے جس کے باعث یہ افسوسناک سانحہ رونما ہوا اور پنجاب کے عوام کی صحت اور جان و مال کے تحفظ کا کوئی پرسان حال نہیں ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے فیکٹری کی چھت گرنے کے سانحہ میں جاں بحق افراد کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ لاہور کے رہائشی علاقے حسن ٹاؤن میں دواساز فیکٹری کی چھت گرنے کے سانحہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کو معاوضہ دیا جائے، سانحہ کے اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث تمام افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

نامور دانشور عبدالجبار کیہر کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔7فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاڑکانہ سے تعلق رکھنے والے نامور دانشور عبدالجبار کیہر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن محمد افضل کے بھائی محمد بابر، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-136 کے کارکن کاشف راجپوت کی والدہ محترمہ نفیس بانو اور یونٹ A-133 کے کارکن محمد یوسف کی والدہ اختری بیگم، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن راشد ولی کے بیٹے احمد ولی، سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن ہارون کے والد شجاعت علی، لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن انور حسین کی بیٹی صدیقہ، کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن دلدار کے والد بابو خان اور اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے یونٹ انچارج راؤ محمد جمیل کی زوجہ محترمہ خالدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار و لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

متحدہ سوشل فورم کے زیر اہتمام سال نو 2012ء کے خوبصورت کیلنڈر کا اجراء

کراچی۔۔۔7فروری2012ء

متحدہ سوشل فورم کی جانب سے سال نو 2012ء کا خوبصورت کیلنڈر کا اجراء کیا گیا کیلنڈر کا اجراء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز انیس احمد قائمخانی، رکن رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری نے کیا اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج احمد سلیم صدیقی کے علاوہ دیگر، اراکین بھی موجود تھے۔کیلنڈر پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی سندھی اجرک کے ساتھ خوبصورت تصویر نمایاں ہے جبکہ تصویر کے عقب میں سکھر میں ہونیوالے جلسے کے موقع لاکھوں پر عوام کا جم غفیر کی جھلک دکھائی گئی ہے۔سوشل فورم کے اس کیلنڈر میں ایم کیوایم کی عملی جدوجہد کے حوالے سے تاریخوں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆